الیکشن کمیشن بی جے پی کا توسیعی ونگ، سنجے راوت کا دعویٰ

جہاں ایم وی اے کے امیدواروں کو اچھے ٹرن آؤٹ کی توقع تھی وہاں سست رفتار ووٹنگ ہوئی ہے

ممبئی: (ایجنسی) لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے کے تحت مہاراشٹر میں ممبئی کے 6 سمیت 13 لوک سبھا نشستوں پر ووٹ ڈالے گئے ہیں۔ ووٹنگ کے اختتام کے بعد شیوسینا (یو بی ٹی) لیڈر سنجے راوت نے منگل کو روز الیکشن کمیشن پر سوالات اٹھائے ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ الیکشن کمیشن بی جے پی کے لیے کام کر رہا ہے جس کی وجہ سے مہاراشٹر میں سست رفتار ووٹنگ ہوئی ہے۔ راوت کے مطابق ریاست کی جن نشستوں پر ایم وی اے کے امیدوار اچھے ٹرن آؤٹ کی توقع کر رہے تھے، وہاں ووٹنگ کا عمل سست رہا ہے۔ واضح ہو کہ ایک روز قبل شیوسینا سمر براوط خواہش کرے نے بھی سست رفتار ووٹنگ کے لیے الیکشن کمیشن اور بی جے پی کو تنقید کا نشانہ بنایا تھا۔

ممبئی میں ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے بات کرتے ہوئے راوت نے دعویٰ کیا کہ ان علاقوں میں تیز رفتاری سے ووٹنگ ہوئی ہے جہاں بی جے پی اور اس کے اتحادیوں کو ووٹ ملنے کے امکانات زیادہ تھے۔ انتخابی حکام کے مطابق پیر کے روز ریاست میں عام انتخابات کے پانچویں اور آخری مرحلے کے دوران 13 لوک سبھا حلقوں میں مجموعی طور پر 54.33 فیصد ووٹنگ ہوئی ہے۔ جن میں ممبئی کے 6 لوک سبھا حلقے بھی شامل ہیں۔ ممبئی کی چوہ لوک سبھا سیٹوں پر اوسطاً 52.27 فیصد ووٹنگ ہوئی جو 2019 کے لوک سبھا انتخابات میں 55.38 فیصد درج کی گئی تھی۔

سنجے راوت نے دعویٰ کیا کہ جہاں بھی شیوسینا (یو بی ٹی) یا مہا وکاس آگھاڑی (ایم وی اے) کو اچھے ووٹوں کی توقع تھی، وہاں انتخابات سست رفتاری سے ہوئے ہیں۔ انہوں نے مزید دعویٰ کیا کہ الیکشن کمیشن بی جے پی کا ایک توسیعی ونگ ہے۔ راجیہ سبھا کے رکن نے کہا کہ تھانے اور کلیان میں ووٹنگ کا عمل خراب ہو گیا، جہاں سے شیوسینا (یو بی ٹی) کو زیادہ ووٹ ملنے کا امکان تھا۔ انہوں نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ تھانے ضلع کے مبرا علاقہ کے کچھ پولنگ بوتھ پر ایک گھنٹے میں صرف 11 ووٹ ڈالے جا سکے تھے۔

راجیہ سبھا کے رکن نے الزام لگایا کہ ووٹنگ کے عمل میں ضابطہ بگلوں کا مقصد ووٹروں کو ووٹ ڈالنے سے روکنا تھا کیونکہ ای وی ایم کو بوکھ نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی پیسہ تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ووٹنگ کے عمل کو سست کرنے کی اس طرح کی کوششیں آخری لمحات تک کی گئیں تھیں۔

کانجور مارگ میں ڈمی ای وی ایم سے انتخابی تشہیر

شیوسینا (یو بی ٹی) کے 3 کارکنان زیر حراست، مزید تحقیقات جاری

محمد جاوید شیخ

ممبئی: (ایس این بی) لوک سبھا الیکشن کی ووٹنگ کے دوران ممبئی کی کانجور مارگ پولیس نے شیوسینا (یو بی ٹی) کے تین کارکنان کو زیر حراست لیا ہے جن پر ڈمی ای وی ای ایم مشین سے انتخابی تشہیر کا الزام عائد کیا گیا ہے۔ ان کے خلاف مقامی بی جے پی لیڈر نے شکایت درج کروائی تھی۔ ان کے خلاف ایک ناقابل شناخت جرم درج کیا گیا ہے اور اس کے بعد انہیں رہا کر دیا گیا ہے۔ بی جے پی لیڈر کی شکایت میں کہا گیا کہ دونوں کارکنان نے ڈمی ای وی ای ایم مشین سے رائے دہندگان کو راغب کرنے اور ایم وی اے کے امیدوار سنجے دینا پاٹل کو ووٹ دینے کی اپیل کی تھی۔ اس ضمن میں مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بی جے پی لیڈر نے ایکس (سابقہ ٹویٹر) نے بتایا کہ شیوسینا (یو بی ٹی) کارکنان نے پولنگ بوتھ سے قریب ڈمی مشین سے رائے دہندگان کو راغب کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ شیوسینا (یو بی ٹی) لیڈر سنیل راوت کے مطابق ای وی ایم پر ووٹنگ کرنے کا طریقہ پولنگ بوتھ سے 200 میٹر کے فاصلے پر بتایا جا رہا تھا جبکہ الیکشن کمیشن اور پولیس انتظامیہ کی جانب سے پولنگ بوتھ سے 100 میٹر کے دائرے میں ایسی سرگرمیاں ممنوع قرار دی گئیں تھیں۔ یہ کوشش لوگوں کو ای وی ایم پر ووٹ دینے کا طریقہ سمجھانے کے لیے کیا گیا تھا، تاہم اسے کچھ اور رنگ دے کر پیش کیا گیا ہے۔

ووٹنگ کے دوران پولنگ ایجنٹ اور انتخابی اہلکار کی موت

واش روم میں مردہ پایا گیا تھا شیوسینا کا پولنگ ایجنٹ، دل کا دورہ پڑنے کے سبب ہوئی انتخابی اہلکار کی موت

پولنگ ایجنٹ منوہر غلگے

ممبئی: (ایجنسی) پیر کے روز ممبئی میں ہونے والی لوک سبھا الیکشن کی ووٹنگ کے دوران ورلی کے بشمتیشی روڈ پر واقع ایک پولنگ بوتھ پر تعینات شیوسینا (یو بی ٹی) کے پولنگ ایجنٹ منوہر غلگے کی انتخابی ڈیوٹی کے دوران موت واقع ہو گئی ہے۔ غلگے کو بیماری کے بعد کے ای ایم اسپتال پہنچایا گیا جہاں ڈاکٹروں نے اس کی موت کی تصدیق کی تھی۔ انتخابی اہلکاروں کے مطابق پولنگ سینٹر پر الیکشن کمیشن کی جانب سے مناسب انتظامات نہیں کیے گئے تھے۔ اس کے علاوہ جنوبی ممبئی لوک سبھا نشست کے ایک پولنگ بوتھ پر دل کا دورہ پڑنے سے 56 سالہ انتخابی اہلکار کی موت واقع ہو گئی ہے۔

موصولہ اطلاعات کے مطابق منوہر غلگے کی عمر 62 برس تھی۔ وہ بی ڈی ڈی چال میں واقع مہسکر ادیان کا سائن تھا۔ جنوبی ممبئی کے لوک سبھا نشست پر شیوسینا (یو بی ٹی) کے امیدوار اروند سافت نے کہا کہ الیکشن کمیشن کی بدانتظامی کی وجہ سے ہمارے شیوسینک منوہر غلگے کی موت واقع ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ بیچ کے وقت الیکشن کمیشن کا ایک اہلکار بھی ورلی میں بیہوش ہو گیا تھا۔ وہاں پانی اور بیٹی لیٹرین کے ناکافی انتظامات تھے اور لوگوں کو چلچلاتی دھوپ میں کھڑے رہنا پڑا ہے۔ آج کے الیکشن کے تاریخ کا بدترین انتظامات دیکھے ہیں۔ شیوسینا یو بی ٹی کے ایم ایل سنیل شندے نے کہا کہ اپنا پولنگ بوتھ کے دورہ کرنے کے بعد کہا کہ منوہر غلگے کی موت پولنگ مرکز میں ہوئی تھی۔ وہ 10 بج کر 6 منٹ پر واش روم گئے تھے، بیلٹ بکس بند کرنے کے بعد ہمیں پولنگ ایجنٹ کے دستخط کی ضرورت محسوس ہوئی تو ہم نے غلگے کو نوٹائک کو بھیوش پایا تھا۔ اسے فوری طور پر کے ای ایم اسپتال پہنچایا گیا جہاں ڈاکٹروں نے اس کی موت کی تصدیق کی ہے۔

پیر کے ہی روز جنوبی ممبئی لوک سبھا حلقہ کے ایک پولنگ بوتھ پر 56 سالہ انتخابی اہلکار کا دل کا دورہ پڑنے سے موت واقع ہو گئی ہے۔ اطلاعات کے مطابق متوفی اہلکار کی شناخت سنیل گلشن کے طور پر ہوئی ہے۔ اسے پریل کے بھوئیاوڑہ علاقہ میں سینٹ پال اسکول میں پولنگ ڈیوٹی پر مامور کیا گیا تھا۔ دل کا دورہ پڑنے کے بعد اسے کے ای ایم اسپتال پہنچایا گیا جہاں ڈاکٹروں نے اس کی موت کی تصدیق کی تھی۔ اس سلسلے میں پولیس نے حادثاتی موت کا معاملہ درج کر لیا ہے۔

سانتا کروز: تیز دھار ہتھیار سے نوجوان کا قتل، ملزم گرفتار

ممبئی : (ایجنسی) ممبئی پولیس نے پیر کے روز 20 سالہ نوجوان کو قتل کرنے کے الزام میں ایک 27 سالہ شخص کو منگل کے روز گرفتار کر لیا ہے۔ گرفتار ملزم کی شناخت سوھل سندیپ جاھو کے طور پر ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق پیر کی صبح سانتا کروز مغرب میں ملزم کی مقتول لکت شرد چوان کے ساتھ کسی بات پر بحث ہوئی تھی۔ اسی دوران جاھو نے جیب سے تیز دھار ہتھیار نکال کر چوان کے سینے پر وار کر دیا تھا۔ چوان کو فوری طور پر باندرہ کے بھابھا اسپتال پہنچایا گیا جہاں ڈاکٹروں نے اس کی موت کی تصدیق کی تھی۔ جاھو کو چوان کے دوستوں اور مقامی باشندوں نے پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعہ کے قبل دونوں میں جھگڑا بھی ہوا تھا تاہم اصل وجہ معلوم نہیں ہو سکی ہے۔ اس معاملے میں مقتول کے دوست گورو جاھو کی شکایت پر آئی پی سی کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ چوان کے والد کی پہلے ہی موت ہو چکی ہے اور وہ اپنی ماں اور دو بھائیوں کے ساتھ رہتا تھا اور پیٹ کنٹرول کا کام کرتا تھا۔ پولیس مزید تحقیقات کر رہی ہے۔

ووٹ دینے کیلئے رادھے ماں نے قطار کو کیا نظر انداز

ممبئی: (ایجنسی) متنازع شہرت کی حامل مذہبی شخصیت رادھے ماں کو لوک سبھا الیکشن کے دوران ممبئی کے ایک پولنگ بوتھ پر ووٹ دینے پہنچنے پر وی آئی پی ٹریٹمنٹ دینے کا معاملہ سامنے آیا ہے۔ ووٹ ڈالنے کے لیے پولنگ بوتھ پر موجود لوگوں نے الزام لگایا کہ چار سے پانچ لوگوں کی قطار میں کھڑے ہونے کے باوجود انتخابی حکام نے انہیں ان سے پہلے ووٹ ڈالنے کی اجازت دی تھی۔ رپورٹس بتاتی ہیں کہ اس کی وجہ سے ورلی اور انتخابی عملے کے درمیان جھگڑا ہوا تھا۔ اطلاعات کے مطابق رادھے ماں ہیرے کی دو پھر ایک بجے کے قریب ایک کار میں سوار اپنے چیرو کاروں کے ساتھ باتھ میں چھوٹا ترشول اور دوسرے ہاتھ میں اپنا پرس لیکر پولنگ بوتھ پر پہنچی اور سیدھی اپنا ووٹ ڈالنے کی طرف چلی گئی جس سے دوسرے ووٹروں میں جھگڑا ہو گیا تھا۔ اپنا ووٹ ڈالنے کے بعد رادھے ماں نے کہا ہیں نے ترقی کے لیے ووٹ دیا ہے، ایسے لیڈر کے لیے جو ملک کو آگے لے جائے گا۔

طیارے سے ٹکرا کر 40 فلیمنگو ہلاک، تحقیقات جاری



ممبئی: (ایجنسی) ممبئی شہر میں چیرو اور منگل کی درمیانی شب گھاٹ کوپر کے مختلف حصوں سے کم از کم 40 فلیمنگو مردہ پائے گئے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق یہ پرندے پرواز کے دوران امارات ایئر لائنز کے ایک طیارے سے ٹکرا گئے ہیں جس کی وجہ سے ان کی موت واقع ہوئی ہے۔ محکمہ جنگلات کے اعزازی وائلڈ لائف وارڈن اور ریسکیو ایشیش فاؤنڈیشن پرمیش شرما نے خبر رساں ایجنسی پی ٹی آئی کو بتایا کہ گھاٹکوپر میں کچھ مقامات پر مردہ فلیمنگو پائے گئے تھے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ محکمہ نے رائی ٹیوں کے ساتھ مل کر سرچ آپریشن شروع کیا اور پیر کی رات وعلاقے میں 29 مردہ فلیمنگو ملے تھے۔ امارات ایئرلائنس کی جانب سے جاری کیا بیان میں فلیمنگو کی المناک موت کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ اسے ٹی سی نے امارات کو ایک این جی او سے وابستہ ماہر ماحولیات ڈی اسٹالن نے بتایا کہ فلیمنگو کی اموات کی تحقیقات کی جا رہی ہے۔ اسٹالن نے کہا کہ این آر آئی کمپلیکس کے علاقے میں کیلی زمینیں اور جھیلیں فلیمنگو کی پناہ گاہیں ہیں۔ گزشتہ ماہ سے وہاں پرندوں کو پریشان کرنے اور آئی ڈ خارکو زیر تعمیر لانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ میرا اندازہ ہے کہ کچھ لوگوں نے رات کے وقت پرندوں کو پریشان کیا ہے جس کی وجہ سے وہ وہاں سے اڑے ہیں اور یہ حادثہ پیش آیا ہے۔

پرندوں کے ٹکرانے کے بارے میں الرٹ کیا تھا اور چھترپتی شیواجی مہاراج انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی گراؤنڈ ٹیم نے طیارے کی جانچ کی تھی جس نے لینڈنگ کے لیے رن وے کے قریب آتے ہوئے امارات کی پرواز سے غیر معمولی

بی جے پی کارکن کو دھمکی دینے کا الزام، 2 مسلم نوجوان گرفتار

ایف آئی آر کے بعد سائن پولیس اسٹیشن پہنچے امداد اس دانوے، پولیس پر گالی دباؤ کے تحت کارروائی کا الزام

محمد جاوید شیخ

ممبئی: (ایس این بی) لوک سبھا الیکشن کے پانچویں مرحلے کی ووٹنگ کے دوران ایک بی جے پی کارکن کی شکایت پر ممبئی پولیس نے سائن سے کانگریس کے 2 رائین کو گرفتار کیا ہے۔ دونوں پر الزام ہے کہ انہوں نے بی جے پی کی ورکر رام پرکاش جیسوال کو جان سے مارنے کی دھمکی دی تھی۔ ملزمین کی شناخت شکیل اور اعجاز کے طور پر ہوئی ہے۔ ان کی گرفتاری کے بعد قانون ساز کونسل میں اپوزیشن لیڈر امباداس دانوے نے پولیس پر دباؤ میں کارروائی کرنے کا الزام عائد کیا ہے۔

تفصیلات کے مطابق بی جے پی ورکر نے شکایت درج کروائی کہ وہ مانوگاٹ کے لعل اسٹیل اسکول کے پولنگ اسٹیشن پر ایک بزرگ جوڑے کو وہیل چیئر پر بٹھا کر لے جا رہا تھا، اس وقت شکیل اور اعجاز نامی کانگریس کارکنان نے اس کے ساتھ گالی گلوچ کی اور اسے جان سے مارنے کی دھمکی دی تھی۔ اس پر بی جے پی کارکن کی شکایت پر پولیس نے شکیل اور اعجاز کے خلاف مقدمہ درج کرتے ہوئے انہیں گرفتار کر لیا ہے۔

ادھر ای وی اے کارکنان کے خلاف مقدمہ درج ہونے کے بعد شیوسینا (یو بی ٹی) لیڈر اور قانون ساز کونسل میں قائد حزب اختلاف امباداس دانوے نے سائن پولیس اسٹیشن پہنچ کر پولیس مشینری پر دباؤ میں کام کرنے کا الزام عائد کیا ہے۔ دانوے نے کہا کہ اس ایف آئی آر کے لیے تحریری شکایت دائر کی ہے اور کہا کہ الیکشن کے دوران الزام تراشیوں کے چھوٹے موٹے واقعات پیش آتے ہیں۔ تاہم یہ مقدمہ بی جے پی لیڈران کی جانب سے پولیس پر دباؤ ڈال کر درج کروایا گیا جھوٹا مقدمہ ہے۔ انہوں نے پولیس سے غریب مخالف یعنی بی جے پی کارکن کے خلاف بھی مقدمہ درج کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

مہاراشٹر میں ایچ ایس سی بورڈ نتائج کا اعلان، حسب سابق کوکن ڈویژن سرفہرست، ممبئی آخری مقام پر

ممبئی: (ایجنسی) مہاراشٹر اسٹیٹ بورڈ آف سیکنڈری اینڈ ہائر سیکنڈری ایجوکیشن نے منگل کے روز ایچ ایس سی بورڈ امتحانات کے نتائج کا اعلان کیا ہے۔ نتائج میں ممبئی ڈویژن 91.95 فیصد نتائج کے ساتھ مہاراشٹر میں آخری مقام پر آیا ہے۔ گزشتہ سال ممبئی نے 88.13 فیصد کامیابی درج کی تھی جبکہ اس سے قبل سال 2022 میں ممبئی ڈویژن سے امتحان دینے والے 90.91 فیصد طلباء نے کامیابی حاصل کی تھی۔ مہاراشٹر کے 9 ڈویژن میں سرفہرست کوکن ڈویژن رہا ہے جہاں کامیابی فیصد 97.51 درج کیا گیا ہے۔ اس کے بعد ناسک ڈویژن نے 94.71 فیصد کے ساتھ دوسرا مقام، پونے ڈویژن نے 94.44 فیصد کے ساتھ تیسرا مقام، کولہاپور ڈویژن نے 94.28 فیصد کے ساتھ چوتھا اور چھترپتی سنبھاجی نگر ڈویژن نے 94.08 فیصد کے ساتھ پانچواں مقام حاصل کیا ہے۔ اس کے بعد امراوتی 93.00 فیصد، اناور 92.36 فیصد، ناگپور 92.12 بالترتیب چھٹے، ساتویں اور آٹھویں مقام پر ہیں۔ وہیں ممبئی ڈویژن 91.95 فیصد کامیابی کے ساتھ آخری مقام پر رہا ہے۔ سال 2024 میں مہاراشٹر بھر میں 15 لاکھ 20 ہزار 181 طلباء نے 21 فروری سے 23 مارچ کے درمیان ہونے والے امتحانات میں شرکت کی تھی۔ ان میں سے 13 لاکھ 87 ہزار 135 طلباء نے کامیابی حاصل کی ہے جو امتحان میں شرکت کرنے والے کل طلبا، 91.87 فیصد ہیں۔

ریزیڈنٹ ایڈیٹر معراج انور کو صدمہ

انتہائی افسوس کے ساتھ یہ خبر دی جا رہی ہے کہ روزنامہ راشٹریہ سہارا ممبئی کے ریزیڈنٹ ایڈیٹر معراج انور کی نومولود صاحبزادی آج شام تقریباً چار بجے مالک حقیقی سے جا ملی (انا للہ وانا الیہ راجعون)۔ نومولود بچی کے اسپتال میں ایک ماہ سے زائد عرصہ سے آئی سی یو میں زیر علاج تھی لیکن جانبر نہ ہو سکی۔ اہل خانہ نے علاج و معالجہ میں کوئی کسر نہیں چھوڑی تھی لیکن مرضی مولا کے آگے انسان بے بس و لاچار ہے۔ ادارہ معراج انور اور ان کی اہلیہ کے غم میں شریک ہے اور اللہ رب العزت کے حضور دعا گو ہے کہ وہ اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرماتے ہوئے متوفی بچی کو اپنے والدین کی مغفرت کا ذریعہ بنائے، آمین

پونے آئی ایس آئی ایس ماڈیول کیس

ڈاکٹر عدنان علی سرکار کی ضمانت کی درخواست مسترد

ممبئی: (ایجنسی) ممبئی کی خصوصی این آئی اے عدالت نے پونے آئی ایس آئی ایس ماڈیول کا حصہ ہونے کے الزام میں گرفتار کیے گئے ڈاکٹر عدنان علی سرکار کی ضمانت کی درخواست مسترد کر دی ہے۔ خصوصی جج نے ضمانت کی اپیل خارج کرتے ہوئے تبصرہ کیا کہ ریکارڈ پر موجود شواہد سے پہلی نظر میں یہ معلوم ہوا کہ درخواست گزار مبینہ جرم میں ملوث ہے۔ این آئی اے کی جانب سے گواہوں کے بیانات، ملزمین کے بیانات، الیکٹرانک آلات میں موجود ڈیٹا اور مضامین کی دریافت، ریکارڈ پر پیش کیے گئے ہیں۔ 44 سالہ ڈاکٹر عدنان علی سرکار کو این آئی اے نے 27 جولائی 2023 کے روز آئی ایس آئی ایس ماڈیول کا حصہ ہونے کے الزام میں گرفتار کیا تھا۔ این آئی اے کے مطابق اس ماڈیول میں نوجوانوں کو بنیاد پرستی کی بنیاد پر بھرتی کیا گیا تھا اور انہیں دہماکے کرنے نیز چھوٹے ہتھیار چلانے کی تربیت دی گئی تھی۔

اپنی ضمانت کی درخواست میں ڈاکٹر عدنان علی سرکار نے دعویٰ کیا تھا کہ انہیں اس کیس میں غلط طریقے سے ماخوذ کیا گیا ہے۔ پہلے انہیں اس مقدمہ میں گواہ کے طور پر طلب کیا تھا پھر باقاعدہ طور پر انہیں گرفتار کر لیا گیا کیونکہ انہوں نے اپنے بہنوئی اور معاملے کے شریک ملزم ذوالفقار علی ہڑودا والا کے خلاف بیان دینے سے انکار کر دیا تھا۔ این آئی اے نے اس درخواست کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ ملزم کے پاس سے بہت سا مواد ضبط کیا گیا ہے جس میں چھپی ہوئی مواد و ویڈیو اور آئی ایس آئی ایس لیڈروں کی تقریریں شامل ہیں۔ نیز درخواست گزار دوسرے ملزمان کے ساتھ مسلسل رابطے میں تھا، اور وہ اسلامک اسٹیٹ میں شامل ہونے کے لیے جہاد کی سرزمین پر ترقند جہاد، ہجرت کا پرچار کر رہے تھے۔ خصوصی عدالت نے وفاقی ایجنسی کی جانب سے پیش کردہ دلائل کو قبول کرتے ہوئے ضمانت کی درخواست کو مسترد کر دیا ہے۔

معطلی کو چیلنج کرنے والی درخواست خارج کرنے کا مطالبہ

ٹاٹا انسٹی ٹیوٹ نے بمبئی ہائی کورٹ میں دلت پی ایچ ڈی طالب علم کی چیلنج پٹیشن پر حلف نامہ دائر کیا



ممبئی: (ایجنسی) ممبئی کے ٹاٹا انسٹی ٹیوٹ آف سوشل سائنسز (ٹی آئی ایس ایس) نے منگل کے روز بمبئی ہائی کورٹ سے دلت طالب علم پی ایچ ڈی طالب علم رام داس ایس کے جانب سے دائر کی گئی اپنی 2 سالہ معطلی کو چیلنج کرنے والی درخواست خارج کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ٹاٹا انسٹی ٹیوٹ نے عدالت کو مطلع کیا کہ طالب علم نے اس کے وائس چانسلر کے سامنے اپیل کے متبادل طریقے کو استعمال کیے بغیر ہائی کورٹ سے رجوع کیا ہے۔ انسٹی ٹیوٹ کی عرضی اس وقت سامنے آئی جب جسٹس عارف اس ڈاکٹر اور سوہا شیکھر سنارے پر کی تحقیقاتی رپورٹ کی 18 اپریل کے حکم کو منسوخ کرنے کی درخواست کی سماعت کر رہی تھی۔

ٹاٹا انسٹی ٹیوٹ نے اپنے رجسٹرار نریندر مشرا کے ذریعے داخل کردہ حلف نامہ میں کہا کہ پی ایچ ڈی طلبا کے لیے سال 17-2016 کی ہینڈ بک کے مطابق بااختیار کمیٹی کی جانب سے لیے فیصلوں کے خلاف اپیل کا اختیار ڈائریکٹر آف انسٹی ٹیوٹ (حالیہ وائس چانسلر) کے پاس ہے۔ حلف نامہ میں مزید کہا گیا کہ ٹی آئی ایس ایس کے طلباء کو ہمیشہ ہینڈ بک اور پراسپکٹ کے ذریعے پیمیس کے قواعد وضوابط سے آگاہ کیا جاتا ہے اور قواعد کی خلاف ورزی پر انہیں تادیبی کارروائی کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ ٹاٹا انسٹی ٹیوٹ نے یہ بھی کہا کہ رام داس نے متبادل علاج کا سہارا نہیں لیا تھا اور اس وجہ سے ہائی کورٹ میں ان کی درخواست قانون کے عمل کا غلط استعمال کے مترادف ہوگی۔

طالب علم رام داس کی جانب سے پیش ہونے والے سینئر ایڈوکیٹ مہر دیسائی اور ادارا جیسانی نے عدالت کو بتایا کہ ٹی آئی ایس ایس کے معطلی کے فیصلے کے خلاف ان کے مؤکل کے پاس کوئی متبادل دستیاب نہیں ہے۔ وکلاء نے بتایا کہ ٹی آئی ایس ایس کی جانب سے لیے گئے معطلی کے فیصلے کی وجہ سے اسے حاصل ہونے مرکزی حکومت کی اسکالرشپ رک گئی ہے، جس کی وجہ سے اس کا زندہ رہنا مشکل ہو گیا ہے۔

بیوی اور بیٹی کے قتل ملزم کو ہائی کورٹ سے ملی ضمانت

ممبئی: (ایجنسی) بمبئی ہائی کورٹ نے ایک شخص کو ضمانت پر رہا کرنے کا حکم جاری کیا ہے جس پر کالے جادو کے شبہ میں اپنی بیوی اور بیٹی کو قتل کرنے کے الزام میں گرفتار کیا ہے۔ عدالت نے نوٹ کیا کہ ملزم اشیش بیلوٹکے کو جائے واردات کے قریب دیکھا گیا تھا، اس کے علاوہ اس کے خلاف کوئی ثبوت موجود نہیں ہے۔ پولیس کے مطابق درخواست گزار بیلوٹکے کو شبہ تھا کہ اس کی بیوی کے اہل خانہ بیلوٹکے اور اس کے خاندان کے خلاف کالا جادو کر رہے ہیں۔ تاہم دشمن میں بھی گواہوں کے زبانی بیانات کے علاوہ مذکورہ مقصد کو ثابت کرنے کا کوئی ثبوت نہیں ہے۔ اس طرح درخواست گزار ضمانت پر توجیح کا حقدار ہے۔

ہائی کورٹ بیلوٹکے کی طرف سے دائر ضمانت کی درخواست کی سماعت کر رہی تھی جس پر 23 اپریل 2023 کے روز اپنی بیوی پریکا اور بیٹی مونیتی کا گلا گھونٹنے کا الزام تھا۔ بیلوٹکے کو 29 اپریل کو گرفتار کیا گیا تھا۔ ابتدائی طور پر پریکا کے بھائی سنتوش جونگلے نے بیلوٹکے کے خلاف شکایت درج کروائی تھی۔ تاہم اس نے کیم مئی کو بیلوٹکے کو بری کرتے ہوئے ایک تحریری بیان داخل کیا اور اپنے قریبی خاندان وکاس بیلوٹکے، اکشے بیلوٹکے اور نیتش بیلوٹکے کا نام لیا تھا۔ بیلوٹکے کے وکیل اپلا ویکیت ستیہ ورت جوشی نے عرض کیا کہ یہ کیس حلالتی جیٹوں کا ہے اور اسے جھوٹے شک کی بنیاد پر گرفتار کیا گیا تھا اور ان کے خلاف کوئی بھی جرم ثابت نہیں ہوا ہے۔ جوشی نے مزید کہا کہ صرف الزام یہ ہے کہ بیلوٹکے دیگر ملزمان کے ساتھ واقعہ کے مقام پر دیکھا گیا تھا۔ ریاستی وکیل سومیتا یادو نے اس درخواست کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ گواہوں کے بیانات کی نشاندہی کی جنہوں نے شریک ملزم وکاس کو شیڈ سے بھاگتے ہوئے دیکھا تھا۔ اس کے علاوہ بیلوٹکے اور ایک اور ملزم موٹر سائیکل پر قریبی گاؤں جاتے ہوئے پائے گئے تھے۔

ہائی کورٹ نے سماعت کے بعد فیصلہ کیا کہ استغاثہ نے 27 گواہوں پر جرح کر کے تجویز کی تھی اور آج تک مقدمے میں کوئی پیش رفت نہیں ہوئی اور چار جن پیش نہیں ہوا ہے۔ جسٹس جمدار نے 25 ہزار روپے کے ذاتی مچلکے پر بیلوٹکے کو رہا کرنے کا حکم جاری کیا ہے۔ ساتھ ہی شرط عائد کی ہے کہ بیلوٹکے سانگلی میں واقع اپنی رہائش گاہ پر نہیں جائے گا اور ٹرائل کے اختتام تک سوا پور میں رہے گا۔

بی ایم سی کمشنر کا آتشزدگی کے ذمہ داروں کا تعین کرنے پر زور

کوئتل روڈ سمیت 4 مقامات پر نئے فائر اسٹیشنوں کے قیام کی یقین دہانی، محکمہ میں جدت لانے کا منصوبہ

ممبئی: (ایجنسی) بی ایم سی کمشنر اور ایڈمنسٹریٹر بھوشن گگرانی نے ممبئی فائر بریگیڈ ہیڈ کوارٹر میں ہونے والی جائزہ میٹنگ میں کہا ہے کہ جائیداد مالکان اور ہاؤسنگ سوسائٹیوں کو کئی بار یاد دہانیوں کے باوجود فائر سیفٹی اصولوں کی تعمیل کرنے میں ناکام رہنے والوں کے خلاف حادثات کی صورت میں ذمہ داری کا تعین کرنے پر زور دیا ہے۔ ساتھ ہی بھوشن گگرانی نے ممبئی کوئتل روڈ کے ساتھ ساتھ 4 مختلف مقامات پر فائر اسٹیشن قائم کرنے کے لیے متعلقہ انجینئروں سے بات چیت کرنے کی بھی یقین دہانی کروائی ہے۔

بی ایم سی کمشنر نے کہا کہ فائر بریگیڈ کو ایک مناسب طریقہ کار اختیار کرنا چاہیے۔ دنیا بھر میں کئی جدید ٹیکنالوجی تیار کی جا رہی ہے اور نت نئے تجربات کیے جا رہے ہیں۔ ممبئی فائر بریگیڈ کو تحقیقات کے ذریعے معلومات اکٹھی کرنی چاہیے جو فائر بریگیڈ کو اپڈیٹ کر سکیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ کسی بھی نئی گاڑی یا جدید ٹیکنالوجی کو مکمل میں شامل کرتے وقت ان کی افادیت کو جانچ لینا چاہیے۔ مزید برآں امدادی کارروائیوں میں حصہ لینے والے رضاکاروں یا شہریوں کو بھی مبارکباد دی جانی چاہیے۔

گگرانی نے ایڈیشنل میونسپل کمشنر (مشرقی مضافات) امیت سینی، ڈپٹی میونسپل کمشنر (فائنانس) پرشانت گائیکواڑ، چیف فائر آفیسر رویندر امبولگیکر اور دیگر عہدیداروں کے ساتھ ہیڈ کوارٹر میں آگ بجھانے کے آلات اور فائر ایکسٹنگوئشر کا معائنہ کیا تھا۔ اس موقع پر کمشنر نے اعلان کیا کہ کانڈیولی (مشرق) کے ٹھاکر گاؤں میں ایک نئے فائر اسٹیشن کا جلد ہی افتتاح کیا جائے گا۔ بی ایم سی کمشنر نے کہا کہ شہر میں گزشتہ چند سالوں میں آگ لگنے کے کئی بڑے واقعات میں دیکھا گیا کہ بہت سے تجارتی یونٹوں اور ہاؤسنگ سوسائٹیوں میں آگ بجھانے کا نظام ٹھیک سے کام نہیں کر رہا تھا۔ اس سلسلے میں مہاراشٹر فائر پریوینشن اینڈ لائف سیفٹی ایکٹ 2006 کے تحت نوٹس بھیجے گئے ہیں۔ ایکٹ کے سیکشن 6 کے مطابق آگ سے بچاؤ اور آگ سے حفاظت کے اقدامات فراہم کرنا مالکان کی ذمہ داری ہے۔

جنسی چھیڑ خانی کے الزام سے 60 سالہ تاجر بری

ممبئی: (ایجنسی) ممبئی کی ایک عدالت نے 60 سالہ تاجر کو اپنی بہن کی سوتیلی پوتی سے چھیڑ خانی کے الزام سے متعدد کے اندراج کے 5 برس بعد الزام سے بری کر دیا ہے۔ اس معاملے میں متاثرہ عدالت میں پیش ہونے اور بیان دینے میں ناکام رہی ہے۔ علاوہ ازیں اس معاملے کی کھار پولیس اسٹیشن میں شکایت درج کروانے والی متاثرہ کی والدہ قانونی چارہ جوئی کے دوران انتقال ہو گیا ہے۔ فروری 2024 میں جب مقدمے کی سماعت شروع ہوئی تو یہ بات ریکارڈ پر لائی گئی کہ خاتون کا انتقال ہو چکا ہے اور وہ اپنے باپ کے ساتھ ملک چھوڑ چکی ہے۔ پولیس گواہوں کے علاوہ استغاثہ نے کسی دوسرے گواہ پر جرح نہیں کی۔ عدالت نے کہا کہ متاثرہ کی شناختی کو مجروح کرنے کا ملزم کے خلاف لگایا گیا الزام مشکوک لگتا ہے۔

فلم 'اسپیشل 26' کی طرز پر کیفے میسور کے مالک کی رہائش گاہ پر مارا گیا تھا چھاپہ

مرکزی ملزم پریم چند جیسوال نے شریک ملزمان کو حقیقی چھاپے کے لیے راضی کیا تھا، ماضی میں بھی درج کیے جا چکے ہیں دھوکہ دہی کے مقدمات

ممبئی: (ایجنسی) ممبئی کے کیفے میسور کے مالک کے گھر میں بنددی فلم 'اسپیشل 26' کی طرز پر ہوئی ڈکیتی کے معاملے کے مرکزی ملزم پریم چند جیسوال (یو پی ای) اور 2 پولیس اہلکاروں کو سمیت 4 افراد کو ڈکیتی میں شامل کرنے کیلئے انہیں بتایا کہ یہ پولیس کا حقیقی چھاپہ ہے۔ پولیس کے مطابق جیسوال نے دیگر ملزمین کو بتایا تھا کہ وہ افسر کے گھر پر چھاپہ کیا تھا، انہوں نے ناٹک کو بتایا کہ اس کے گھر میں کالا دھن موجود ہے جو لوک سبھا الیکشن میں استعمال کیا جانے والا ہے۔ انہوں نے گھر کی تلاشی لی اور گھر میں موجود 25 لاکھ کی رقم لے کر فرار ہو گئے تھے۔ بعد میں ناٹک نے سائن پولیس سے رجوع کرتے ہوئے ایف آئی آر درج کروائی تھی۔

ڈکیتی جس بے جا اور سازش کی دفعات شامل کی گئے ڈی سی پی پرشانت کدم کی قیادت میں ایک ٹیم نے معلوم کیا کہ جرم میں است